حیسکو پریس ریلیز مورخہ :18.09.2026

تمام ڈسٹریبیوشن کمپنیوں میں حیسکو واحد کمپنی ہے جس نے 8500 عدد APMS (آٹومیٹڈ پرفارمنس مینجمنٹ سسٹم) میٹر لگانے کے لیے ٹینڈر کھولا ہے، اے پی ایم ایس کے نفاذ سے موجود فیڈر روائز لوڈ مینجمنٹ کے بجائے ٹرانسفارمرز وائز لوڈ مینجمنٹ کی جانب اہم پیش رفت ہوگی، اس نظام کا ایک اہم فائدہ یہ ہوگا کہ ضرورت کے وقت پورے فیڈر کو بند کرنے کے بجائے صرف متعلقہ ٹرانسفارمر کی سطح پر لوڈ مینجمنٹ کی جاسکے گی۔ میں اپنی پوری ٹیم بلخصوص PMU کے افسران کو مبارکباد دیتا ہوں، جن کی کاوشوں سے یہ منصوبہ مکمل ہونے جارہا ہے۔ حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری



حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر مورخہ 17 ستمبر 2026 حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (حیسکو) تمام ڈسٹریبیوشن کمپنیوں میں حیسکو واحد کمپنی ہے جس نے 8500 عدد APMS میٹر لگانے کے لیے پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ (PMU) میں آٹومیٹڈ پرفارمنس مینجمنٹ سسٹم (APMS) کی تنصیب سے متعلق ٹینڈر کھولا گیا ہے، اے پی ایم ایس کے نفاذ سے موجود فیڈر روائز لوڈ مینجمنٹ کے بجائے ٹرانسفارمرز وائز لوڈ مینجمنٹ کی جانب اہم پیش رفت ہوگی، اس نظام کا ایک اہم فائدہ یہ ہوگا کہ ضرورت کے وقت پورے فیڈر کو بند کرنے کے بجائے صرف متعلقہ ٹرانسفارمر کی سطح پر لوڈ مینجمنٹ کی جاسکے گی۔ یہ نظام حیسکو کے منتخب ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز پر نصب کیا جائے گا، جس کا مقصد بجلی کی فراہمی، لوڈ مینجمنٹ، نگرانی اور نقصانات میں کمی کے نظام کو جدید اور مؤثر بنانا ہے۔ اس جدید نظام کے ذریعے ایسے مخصوص ٹرانسفارمرز کی شناخت، نگرانی اور کنٹرول ممکن ہوگا جہاں بجلی کے نقصانات زیادہ، ریکوری کم یا دیگر انتظامی و تکنیکی مسائل موجود ہوں۔ اس طرح فیڈر کے دیگر علاقوں میں بجلی کی فراہمی بلاوجہ متاثر نہیں ہوگی اور صارفین کو لوڈ مینجمنٹ کے دوران نسبتاً بہتر ریلیف فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ ٹینڈر کے عمل میں پاکستان اور چین کی متعدد کمپنیوں نے حصہ لیا، جو اس منصوبے میں کاروباری اور تکنیکی دلچسپی کے ساتھ ساتھ مسابقتی اور شفاف خریداری کے عمل کی عکاسی کرتا ہے۔ حیسکو انتظامیہ کے مطابق اے پی ایم ایس کا منصوبہ بجلی کے نظام میں آٹومیشن، جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل مانیٹرنگ اور شفاف و مؤثر لوڈ مینجمنٹ کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ یہ اقدام پاکستان حکومت کے بجلی کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی اور آٹومیشن کے فروغ کے وژن کو آگے بڑھانے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ حیسکو انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ٹینڈر کا عمل تمام متعلقہ قواعد و ضوابط کے مطابق شفاف، مسابقتی اور تیز رفتار انداز میں مکمل کرنے کی کوشش کی جائے گی، تاکہ منصوبے پر جلد از جلد عملدرآمد شروع ہو اور اس کے ثمرات حیسکو کے صارفین تک پہنچ سکیں۔ اس موقع پر حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کے ہمراہ جنرل منیجر (پی ایم یو) سیدہ فرحا دیبا، ڈائریکٹر جنرل (پروکیورمنٹ) پی ایم یو عبدالحق شیخ، منیجر (پروکیورمنٹ) پی ایم یو عرفان کریم شیخ، پروجیکٹ ڈائریکٹر (جی ایس سی) آصف حسین بھٹو و دیگر افسران موجود تھے۔ ترجمان حیسکو حیدرآباد